Altamash / Sadiq

14-02-2025

13.50 Hrs

HL-Opening

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ مہتاب عالم

**Music**

------------------------------

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت اور امریکہ، دہشت گردی کے خلاف لڑائی میں، مضبوطی سے ایک دوسرے کے ساتھ ہیں۔

2- وزیراعظم نے کہا کہ بھارت کی مشرق نواز پالیسی اور تھائی لینڈ کی مغرب نواز پالیسی، ایک دوسرے کی تکمیل ہیں۔ انہوں نے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے سمواد پروگرام سے خطاب کیا۔

3- بھارت کے تھوک قیمتوں کے انڈیکس میں، جنوری 2025 میں دو اعشاریہ تین ایک فیصد کی کمی آئی ہے۔

4- ملک، پلوامہ حملے کے جانبازوں کو یاد کررہا ہے جنھوں نے اپنی جانیں قربان کردی تھیں۔

5- خواتین کے پریمیئر لیگ 2025 کا تیسرا سیزن آج شروع ہوگا۔

6- اور 38 واں قومی کھیل مقابلے اتراکھنڈ کے ہلدوانی شہر میں آج ختم ہو رہے ہیں۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اختتامی تقریب میں شرکت کریں گے۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**Day India US Capule**

بھارت اور امریکہ نے اکیسویں صدی میں بڑے پیمانے پر دفاعی شراکت داری کے مقصد سے، دس سال کی مدت والے ایک نئے فریم ورک کا اعلان کیا ہے۔ اس فریم ورک پر 2025 سے 2035 تک عمل کیا جائے گا، جس کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان دفاع کو مستحکم کرنا ہے۔ یہ فیصلہ واشنگٹن ڈی سی میں وزیراعظم نریندر مودی کی، امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ ملاقات کے دوران کیا گیا۔

ایک مشترکہ بیان میں دونوں رہنماؤں نے یہ طے کیا کہ امریکہ بھارت کے ساتھ دفاعی سازوسامان کی فروخت اور اِسے مل کر تیار کرنے کے کام کو توسیع دے گا تاکہ مل کر کام کرنے اور دفاعی صنعت کے تعاون میں مزید استحکام پیدا ہو۔

رہنماؤں نے امریکہ-بھارت تجارتی تعلقات کو مزید گہرا کرنے کا بھی عزم کیا تاکہ ترقی میں تیزی آئے اور شفافیت، قومی سلامتی اور روزگار کے مزید موقعوں کی یقین دہانی ہو۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ ایک اہم قدم کے طور پر بھارت اور امریکہ نے دوطرفہ تجارت کو، **2030** تک دوگنا کرکے **500** ارب ڈالرس کی سطح تک لانے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت اورامریکہ کے درمیان تعاون اور اشتراک سے ایک بہتر دنیا تشکیل پاسکتی ہے۔

***PM ON 500 Billion***

بھارت اور امریکہ نے اِس بات سے بھی اتفاق کیا ہے کہ سرحد پار سے کی جانے والی دہشت گردی کے خاتمے کیلئے ٹھوس قدم کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے خاص طور پر کہا کہ سرحد پار کی دہشت گردی کے خاتمے کیلئے مل کر کارروائی کرنے کی ضرورت ہے۔

***PM ON Terrorism***

ملاقات کے دوران امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ بھارت اور امریکہ نے اس بات سے بھی اتفاق کیا ہے کہ سب سے بڑے تجارتی راستوں میں سے ایک، بھارت-مشرقِ وسطیٰ-یورپ اقتصادی راہداری تعمیر کرنے میں مل کر کام کرنے سے مدد ملے گی۔ انہوں نے ایک بنیادی نوعیت کے معاہدے کا اعلان کیا جس کا مقصد امریکہ کی طرف سے بھارت کو تیل اور قدرتی گیس سپلائی کرنے والا کا ایک سرکردہ ملک بنانا ہے۔

***Trump ON Energy***

**PM Samvad**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت اور تھائی لینڈ کے درمیان گہرے ثقافتی رشتے ہیں جو **2** ہزار سال دیرینہ ہیں۔تھائی لینڈ میں منعقدہ سمواد پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت کی مشرق نواز پالیسی اور تھائی لینڈ کی مغرب نواز پالیسی ایک دوسرے کی تکمیل ہے جس سے باہمی ترقی اور خوشحالی میں اضافہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کانفرنس، دونوں ملکوں کے درمیان دوستانہ تعلقات میں کامیابی کا ایک اور باب ہے۔وزیراعظم مودی نے خاص طور پر کہا کہ تھائی لینڈ، ایک مالامال ثقافت، تاریخ اور وراثت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ملک، ایشیا کی مشترک فلسفیانہ اور روحانی روایتوں کی ایک خوبصورت مثال ہے۔

***PM- Thiland***

وزیراعظم نے کہا کہ اِس کانفرنس سے اِس بات کا اظہار ہوتا ہے کہ ایشیائی صدی، محض معاشی اقدار کی وجہ سے نہیں بلکہ یہ سماجی اقدار کی بنیاد پر بھی اہم ہے۔ جناب مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ بھگوان بدھ کی تعلیمات، ایک پُرامن اور ترقی پسند دور کی تشکیل میں دنیا کی رہنمائی کرسکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب تنازعات، عوام اور ملکوں سے بھی آگے بڑھ گئے ہیں، جب انسانیت، فطرت سے لگاتار ٹکرارہی ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ اِس کی وجہ سے ایک ایسا ماحولیاتی بحران پیدا ہوگیا ہے جس کی وجہ سے ہمارے کرۂ ارض کو خطرات لاحق ہوگئے ہیں۔**X**

**REV WPI**

جنوری 2025 کیلئے، بھارت کے تھوک قیمت کے انڈیکس WPI پر مبنی افراط زر میں، سالانہ بنیاد پر دو اعشاریہ تین ایک فیصد کی کمی آئی ہے۔ یہ کمی دسمبر 2024 کی دو اعشاریہ تین سات فیصد کے مقابلے ہے۔ یہ اعدادوشمار آج کامرس اور صنعت کی وزارت کی طرف سے جاری کئے گئے ہیں۔ اعدادوشمار میں بتایا گیا ہے کہ WPI خردنی اشیا کے انڈیکس پر مبنی، افراط زر کی سالانہ شرح میں، پچھلے مہینے سات اعشاریہ چار سات فیصد کی کمی ہوئی ہے، جو دسمبر میں آٹھ اعشاریہ آٹھ نو فیصد کے مقابلے ہے۔X

**PM Pulwama Attack**

وزیراعظم نریندرمودی نے اُن سپاہیوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے، جو 2019 میں پلوامہ حملوں میں شہید ہوئے تھے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ آئندہ نسلیں اُن کی قربانی اور ملک کے تئیں اُن کے پختہ عزم کو کبھی نہیں بھولیں گی۔ آج ہی کے دن جموں وکشمیر کے پلوامہ ضلعے میں دہشت گردانہ حملوں میں سی آر پی ایف کے چالیس جوان شہید ہوگئے تھے۔ x

**Shah Pulwama**

وزیرداخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ نریندرمودی حکومت دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کرکے اِسے مکمل طور پر ختم کرنے کے تئیں پرعزم ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب شاہ نے آج پلوامہ حملوں کے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انھوں نے کہا کہ دہشت گردی پوری نسل انسانی کی سب سے بڑی دشمن ہے اور پوری دنیا اِس کے خلاف متحد ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ BJP کی قیادت والی NDA حکومت دہشت گردی کو بالکل برداشت نہ کرنے کی پالیسی رکھتی ہے۔x

**WOMEN PREMIER LEAGUE**

تیسری خواتین پریمیرلیگ 2025 آج سے شروع ہورہی ہے۔ آج وڈودرہ کے Kotambi اسٹیڈیم میں دفاعی چمپئن رائل چیلنجرس بینگلور اور گجرات جائنٹس کے درمیان افتتاحی مقابلہ ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔ یہ ٹورنامنٹ 15 مارچ تک کھیلا جائے گا اور فائنل میچ Brabourne اسٹیڈیم میں ہوگا۔ ٹورنامنٹ میں پانچ مضبوط ٹیمیں شامل ہیں، ڈیلی کیپٹلس، گجرات جائنٹس، یوپی واریئرس، ممبئی انڈینس اور رائل چیلنجرس بینگلور۔ پچھلے سال RCB چمپئن ٹیم رہی تھی۔x

**NATIONAL GAMES Amit Shah**

داخلی اُمور اور امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ آج اتراکھنڈ کے شہر ہلدوانی میں 38 ویں قومی کھیل مقابلوں کی اختتامی تقریب سے خطاب کریں گے۔ اِس تقریب کو شاندار بنانے کیلئے سبھی تیاریاں کر لی گئی ہیں۔ یہ پروگرام ہلدوانی میں بین الاقوامی اسپورٹس کمپلیکس میں منعقد کیا جارہا ہے۔ 38ویں کھیل مقابلوں میں اِس سال پورے ملک کے کھلاڑیوں نے ایک ہزار 523 تمغے جیتے ہیں، جس میں 457 سونے، 455 چاندی اور 611 کانسے کے تمغے ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی نے اِس سال 28 جنوری کو دہرہ دون میں، مہارانا پرتاپ اسپورٹس کالج میں ان قومی کھیل مقابلوں کا افتتاح کیا تھا۔

کھیلوں کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویہ ، اتراکھنڈ کے وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی، میگھالیہ کے وزیراعلیٰ کونکل سنگما، سڑک ٹرانسپورٹ کے وزیر مملکت اجے ٹمٹا ، کھیل کود اور نوجوانوں کے اُمور کے مرکزی وزیر مملکت نِکھل کھڑسے اور بھارتی اولمپکس ایسو سی ایشن کے صدر ممبر

پارلیمنٹ ڈاکٹر پی ٹی اوشا آج کی اِس تقریب میں خاص طور پر موجود رہیں گے۔X

**VP Visit**

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ کل جموں کا دن بھر کا دورہ کریں گے۔ وہ کٹرا میں، ماترکا آڈیٹوریم SMVDU کیمپس میں، شری ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹی کی، تقسیم اسناد کی دسویں سالانہ تقریب میں مہمان خصوصی ہوں گے۔

نائب صدر جمہوریہ ، ریاسی ضلعے میں ماتا ویشنو دیوی مندر اور بھیرو مندر میں پوجا ارچنا بھی کریں گے۔X

**RBI Ci Pperatiive Bank**

بھارتیہ ریزر بینک RBI نے کل، نیو انڈیا کوآپریٹو بینک پر بہت سی بندشیں عائد کی ہیں، جن میں رقم جمع کرنے والوں کی طرف سے رقم نکالنے پر بندش بھی شامل ہے۔ یہ بندشیں، نگرانی سے متعلق تشویش کے دوران عائد کی گئی ہیں۔ نیوانڈیا کوآپریٹو بینک ممبئی کیلئے ریزروبینک کی یہ ہدایات کل کاروبار بند ہونے سے لاگو کردی گئی ہیں، جو چھ مہینے کی مدت کیلئے نافذ رہیں گی، جن پر اِس مدت کے بعد نظرثانی کی جائے گی۔RBI نے کہا کہ بینک کی موجودہ رقم کی صورتحال پر غوروخوض کرتے ہوئے اِس بینک کو ہدایت دی گئی ہے کہ بچت کھاتوں، کرنٹ کھاتوں اور رقم جمع کرنے والوں کے دیگر کھاتوں سے کوئی رقم نہ نکالی جائے۔البتہ بینک کو، RBI کی شرائط کے مطابق، جمع رقم کے عوض قرضے دینے کی اجازت ہوگی۔X

**CCPA COACHING INSTITUTE**

صارفین کے تحفظ کی مرکزی اتھارٹی CCPA نے، IIT کے Prashikshan کیندر پرائیویٹ لمیٹڈ پر تین لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کیا ہے۔ یہ جرمانہ IIT-JEE امتحان کے نتائج سے متعلق ، گمراہ کُن دعووں پر مبنی اشتہارات جاری کرنے کی پاداش میں عائد کیا گیا ہے۔ صارفین اُمور کی وزارت نے بتایا کہ یہ فیصلہ اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے کیا گیا ہے کہ اشیا یا خدمات کے بارے میں ایسا کوئی جھوٹا یا گمراہ کُن اشتہار نہیں دیا گیا ہے جس سے صارفین کے تحفظ کے قانون سے متعلق شقوں کی خلاف ورزی ہوتی ہو۔X

**J&K-NATIONAL HIGHWAY.**

مرکزی حکومت نے جموں وکشمیر میں گزشتہ پانچ برس میں ترقی اور قومی شاہراہوں کے رکھ رکھاؤ پر 29 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ خرچ کئے ہیں اور مرکز کے زیر انتظام اس علاقے میں ایک ہزار کلومیٹر سے زیادہ سڑکیں تعمیر کی ہیں۔ آ کاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ایک سوال کے جواب میں سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے پارلیمنٹ کو اس بارے میں مطلع کیا۔ مرکزی وزیر نے پارلیمنٹ کو یہ بھی بتایا کہ شاہراہوں کو چار لین والا کرنے اور کئی سرنگوں کی تعمیر سمیت مختلف اہم پروجیکٹوں سے جموں وکشمیر میں سڑکوں کے نظام میں خاطر خواہ بہتری آئے گی۔x

**Punjab Attack**

پنجاب سرکار نے صنفی طور پر تفریق کئے بغیر تیزاب حملے کے متاثرین کے لیے مالی امداد کی اسکیم شروع کی ہے اور متاثرین کی ماہانہ مالی امداد آٹھ ہزار سے بڑھاکر دَس ہزار روپے کردی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ کی صدارت میں منعقد ہونے والی وزراء کی کونسل کی میٹنگ میں

یہ فیصلہ لیا گیا ہے۔ کُل پنجاب مالی امداد اسکیم کا نام بدل کر تیزاب حملے کے متاثرین سے متعلق اسکیم 2024 کردیا گیا ہے۔ اس میں خواتین کے علاوہ مرد اور ٹرانس جینڈر بھی شامل ہیں۔x

**Indias Govt Latent**

سپریم کورٹ نے Influencer رنویر الہ آبادیہ کی اُس درخواست پر سنوائی سے اتفاق کرلیا ہے، جس میں انہوں نے یوٹیوب پر، بدمزگی والی اپنی مبینہ رائے زنی پر درج کی گئیں گئی FIRs کو چیلنج کیا تھا۔

چیف جسٹس سنجیو کھنہ اور جسٹس سنجے کمار کی ایک بنچ نے الہ آبادیہ کے وکیل کی طرف سے داخل درخواستوں کو قبول کرتے ہوئے کہا کہ اِس معاملے پر کچھ دن میں سنوائی کی جائے گی۔ الہ آبادیہ کے وکیل نے جلد سماعت کی درخواست کی تھی اور انہوں نے کہا تھا کہ الہ آبادیہ کو آسام پولیس نے آج حاضر ہونے کو کہا ہے۔X

**IMD-WEATHER**

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے آج ہماچل پردیش کے دور دراز کے حصوں میں سرد لہر کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے ذیلی ہمالیہ کے مغربی بنگال اور سکم کے دور دراز کے علاقوں میں گھنے کہرے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق اروناچل پردیش میں آج گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش اور برفباری ہوسکتی ہے۔

محکمہ موسمیات نے کل تک میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں ہلکی بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ IMD نے آئندہ دو دن کے دوران اترپردیش کو چھوڑ کر شمال مغربی بھارت میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں بتدریج ایک سے دو ڈگری سیلسیس اور اترپردیش میں دو سے چار ڈگری سیلسیس کمی کی پیشگوئی کی ہے۔x

**Jakob world Record**

ناروے کے ایتھلیٹ جیکب Ingebrigtsen نے فرانس کے شہر لیوین میں منعقدہ ورلڈ ایتھلیٹکس انڈور ٹور گولڈ میٹنگ میں میل اور 1500 میٹر کے انڈور عالمی ریکارڈز توڑ دیئے ہیں۔ 24 سالہ Ingebrigtsen نے میل کا فاصلہ تین منٹ 45 اعشاریہ 14 سیکنڈ میں طے کیا۔ انھوں نے امریکی ایتھلیٹ Yared Nuguse کا تین منٹ 46 اعشاریہ 63 سیکنڈ ریکارڈ توڑا جو انھوں نے گذشتہ ہفتے نیو یارک میں بنایا تھا۔

**Pariksha Pe Charcha**

وزیراعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ صحیح غذا اور اچھی نیند سے طلبا کو بہتر طریقے سے امتحان دینے میں مدد ملتی ہے۔

'پرکشا پے چرچا' کی چوتھی قسط میں، تغذیے کے ماہرین Rujuta Diwekar، ریونت Himatsingka اور شونالی سبروال نے، طلبا کیلئے، یادداشت کو تیز کرنے، توانائی قائم رکھنے اور یکسوئی میں بہتری لانے کی، غذائیت سے متعلق ترکیبیں بتائیں۔

ذہنی دباؤ سے آزاد زندگی جینے سے متعلق، وزیراعظم مودی کی رہنمائی کے مطابق اِن ماہرین نے طلبا کو، تندرستی کے طور طریقے اپنانے اور ایک Exam Warrior کے جذبے کو صحیح معنوں میں اپنانے کی تحریک دی۔ X

---